# مقدس الفانس مریادی لگوری

ارمیا 17-1:28 | مزمور 118

## مقدس متی 21-13:14

**اُسے اُن پر ترس آیا۔اَور اُس نے اُن کے بیماروں کو شفا بخشی۔**

## مقدس متی 14:14

اے پیارے یسوعؔ تیرا ترس ایک عظیم تحفہ ہے۔میَں اِسے اِس لئے جانتا ہوں کہ تو نے کئی بار مجھ پر ترس کھایا ہے۔جب بھی میں نے تیری نافرمانی کی۔تو نے مجھے معاف کرنے کے لئے اسے استعمال کیا۔اَور تو نے مجھے امن وسکون عطا کیا۔اَور جب بیمار ہوا تو مجھے باپ کے ہاتھوں میں سونپ دیا۔اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔مجھے یقین ہے کہ تجھے ہر ایک پر ترس آتا رہے گا۔

## ورسلی کا مقدس یوسبئیس، مقدس پیٹر جوین ایمارٹ

ارمیا 30:1-2,12-15,18-22 مزمور 101

## مقدس متی 14:22-36

## وہ اکیلا دُعا کرنے کے لئے پہاڑ پر گیا۔ مقدس متی 14:23

آج ہم یسوعؔ کو دیکھتے ہیں کہ وہ لوگ جو اُسے صرف اپنے آپ تک رکھنا چاہتے تھے۔ اُن کی تمناؤں کو پورا کرنے کی بجائے اکیلا دُعا کرنے کے لئے پہاڑ پر چلا گیا۔ وہ باپ کو خوش کرنا چاہتا ہے۔ یعنی وہ اُس کی قربت میں رہنا چاہتا ہے۔ دیکھو وہ دُعا کر رہا ہے۔ اُس کی دُعا ایک حقیقی دُعا ہے۔ کیونکہ وہ باپ کے دل میں اُتر جاتا ہے۔

ارمیا 31:1-7
مزمور: ارمیا 31: 10-13

## مقدس متی 15:21-28

## خُداوند نے اپنی اُمت کو بچایا ہے۔ارمیا 31:7

ارمیا نبی لوگوں کو اُمید رکھنے اَور خُدا کی وفادار محبت کو پہچاننے کی دعوت دیتا ہے۔ایک محبت جو یسوعؔ مسیح میں پوری طرح ظاہر ہوگی ۔ یہ نہ صرف خُدا کی چُنی ہوئی قوم بنی اسرائیلؔ بلکہ تمام قوموں کے لئے ہوگی۔آج کی انجیلِ مقدس اِس اَمر کی تصدیق کرتی ہےَ کہ ایک غیرقوم عورت کا ایمان درحقیقت یسوعؔ کو اُس کی تعریف کرنے سے بھر دیتا ہےَ۔کیونکہ یہ بہت بڑا ایمان ہےَ۔جس کے نتیجہ میں خُداوند نے فوری طور پر اُس کی خواہش پوری کردی۔

مقدس جان میری ویانی، ڈایوسیزن کاہنوں کا مربی

ارمیا 31:31-34
مزمور 50

## مقدس متی 16:13-23

## مگر تم مجھے کیا کہتے ہو؟ مقدس متی 16:15

یہ ایک ایسا سوال ہے جو ہمیشہ نیا ہوتا ہے۔ میرا علم خُداوند یسوعؔ مسیح کے بارے میں بالکل مختلف ہونا چاہیئے۔ اُس علم سے جو دُنیا اُس کے بارے میں جان سکتی ہے۔ لیکن میرا علم اُس علم سے بھی مختلف ہونا چاہیئے جو میں خود اُس کے بارے میں کُلی طور پر رکھتا ہوں۔ جتنی بار میں اُس سے ملتا ہوں میں اُسے بڑے سے بڑا اور خوبصورت دیکھتا ہوں۔ اے پیارے یسوعؔ تو میری زندگی ہے۔

# مقدسہ میری میجر بیزلیکا کی مخصوصیت
# پاپائے اعظم اور ساتھی شہید، مقدس سلٹس

نحمیاہ 1:15,2:2,3:1-3,6-7  مزمور تثنیہ شرع 32:35-41

مقدس متی 16:24-28

## اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو وہ خود انکاری کرے اور اپنی صلیب اُٹھائے۔

## مقدس متی 16:24

اَے خداوند تیرے پیچھے آنے کے لئے یہ شرائط ہیں کہ ہمیں خود انکاری، عاجزی اور ہر چیز سے لاتعلقی اختیار کرنا ہے اور یہی آزادی ہے۔ اے خُداوند تیرا شکر ہو کہ تو میری صلیبوں سے شرماتا نہیں۔ تیرا شکر ہو کہ تو مجھ سے سُپر مین بننے کی توقع نہیں کرتا۔ جو کچھ میں ہوں تو مجھ سے خوش ہے۔ جبکہ تو اب بھی چاہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ بڑھوں۔

# خُداوند کی تبدیلیِ صورت کی عید

دانیال 7:9-10,13-14 مزمور 96

2 پطرس 1:16-19 مقدس لوقا 9:28-36

**اُس کے چہرے کی صورت بدل گئی اَور اُس کی پوشاک سفید براق ہو گئی۔**

**مقدس لوقا 9:29**

آج ہم خُداوند یسوعؔ مسیحؔ کی تبدیلیِ صورت کی عید مناتے ہیں۔ خُداوند یسوعؔ مسیحؔ صرف اپنے تین شاگردوں کے ساتھ پہاڑ پر ہیں۔ ان کے لئے کتنے اچنبے کی بات ہے۔ تجلی اُس کی دُعا کا نتیجہ تھی۔ خُدا کا نُور اُس میں جھلکتا تھا۔ وہ واقعی ہی اپنے باپ کے دِل میں مدغم تھا۔ جب میں حقیقی معنوں میں دُعا کرتا ہوں۔ تو میں بھی باہر سے نہیں، بلکہ باطنی طور پر دِل سے بدل جاتا ہوں۔

## مقدس کاجیٹن، مقدس ستسوس دوئم اور رفقاء

حکمت18:6-9
مزمور32

عبرانیوں11:1-2,8-19
مقدس لوقا 12:32-48

### اپنامال واسباب بیچ ڈالواَور خیرات کردو۔مقدس لوقا 12:33

اگر یہ خُداوند یسوعؔ مسیح کا تجویز کردہ نہ ہوتا تو ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ یہ مشورہ دینے والا کوئی دیوانہ ہےَ۔لیکن خُداوند یسوعؔ مسیح جانتے ہیں کہ وہ کس کے بارے میں بات کررہے ہیں۔جوکوئی اِس دُنیا کی چیزوں کو پیچھے چھوڑنا شروع کردیتا ہےَ۔اَور محبت کرنے کے لئے ان کا استعمال کرنا شروع کردیتا ہے۔وہ آسمانی باپ کی مانند دکھائی دینے لگتا ہےَ۔اَور پہلے ہی سے اُس گھر کی طرف قدم بڑھانا شروع کردیتا ہےَ۔جس کا خواب ابتدا ہی سے دیکھا تھا۔

# مقدس دومنیک کی عید

حزقیال 1:2-5,24-28

مزمور 148

## مقدس متی 17:22-27

## وہ تیسرے دِن جی اُٹھے گا۔ مقدس متی 17:23

مچھلی کے منہ سے چاندی کا سکہ ڈھونڈنے کے لئے مقدس پطرسؔ کو جھیل پر بھیجنے سے پہلے یسوعؔ نے اپنی موت اَور اُس کے بعد اپنی قیامت کا اعلان کیا۔ وہ صرف اپنی موت ہی کی بات نہیں کرتا۔ ورنہ ہم ڈر جائیں گے اَور خوفزدہ ہو جائیں گے۔ وہ جب موت کی بات کرتا ہےَ تو اِس کے ساتھ ہی وہ اپنے جی اٹھنے کی خوشخبری اَور اُس کی خوبصورتی کی بھی بات کرتا ہےَ۔ ہم بھی اس خوشی اور خوبصورتی کو حاصل کرنے کی خواہش کرتے ہیں چاہیے اِس کے لئے کتنی بھاری قیمت کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔

## صلیب کی مقدسہ ٹریضہ بینا ڈکٹہ کی عید

ہوشیع 2:16-17 ,21-22 مزمور 44

مقدس متی 25:1-13

### مَیں وفاداری کے ساتھ تجھ سے نسبت کروں گا۔ہوشیع 2:20

یہ وعدہ خُدا کی طرف سے اپنے لوگوں کے لئے ہے۔حالانکہ لوگ بے وفا ہیں۔وہ اپنی محبت کا یوں اظہار کرتا ہے۔یہ ایک خوبصورت وعدہ ہے۔جو ہم میں سے ہر ایک کے لئے درست ہوسکتا ہے۔وہ سب جو خُداوند سے پیار کرتے اَور اپنی زندگی مقدسہ ٹریضہ بینا ڈکٹہ کی طرح خُداوند کی نذر کرتے ہیں۔وہ اِسے ذاتی محبت کے اعتماد کے طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

# مقدس لارنس کی عید

2۔قرنتیوں 9:6-10
مزمور 111

## مقدس یوحنا 12:24-26

**جب گیہوں کا دانہ زمین میں گر کر مر جاتا ہے۔تو بہت سا پھل لاتا ہے۔**

**مقدس یوحنا 12 :24**

آج ہم مقدس لارنس شہید کی عید مناتے ہیں۔اَور ہم انجیلِ مقدس کے یہ الفاظ تحفہ کے طور پر پاتے ہیں۔خُداوند یسوعؔ مسیح اپنی بابت اَور اُن کی بابت بات کرتے ہیں جو اُس سے پیوستہ رہنا چاہتے ہیں۔وہ دانہ جو زمین میں گرتا ہے۔ وہ گندم کے بہت سے دوسرے دانوں کو زندگی دینے کے لئے مر جاتا ہے۔وہ دانہ خود یسوعؔ ہے۔مقدس لارنس شہید نے بلا خوف وخطر عزم کے ساتھ خُداوند کی پیروی کی۔اُس کی موت کلیسیا میں بہت پھل لائی۔

## مقدسہ کلارہ

حزقیال 12:1-16 | مزمور 77

## مقدس متی 18:21-19:1

**اُس خادم کے آقا نے ترس کھا کر اُسے چھوڑ دیا اور قرض اُسے بخش دیا۔**

## مقدس متی 18:27

اے پیارے یسوعؑ تیرا شکر ہو۔ تو نے مجھے کئی بار معاف کیا ہے۔ میری خاطر تجھے دُکھ سہنا اور صلیب قبول کرنا پڑی۔ میں روح القدس کو نرمی اور تحمل سے سنتے ہوئے تجھ سے دُکھ جھیلنا اور معاف کرنا سیکھنا چاہتا ہوں۔

## مقدسہ جین فرانسس دی شانتال

حزقیال 63,60,15-1:16 مزمور 6-2:12

## مقدس متی 12-3:19

## وہ دونوں ایک تن ہوں گے۔ مقدس متی 5:19

جب خُداوند یسوعؔ مسیح سے بیوی کو طلاق دینے کے امکان کے بارے میں پوچھا گیا۔ تو وہ پورے وثوق کے ساتھ جواب دیتے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ باپ نے انسان کے دِل کو بنایا ہےَ۔ باپ کا منصوبہ بہترین ہےَ۔ دراصل یہی واحد اصول ہےَ۔ جو فرد، جوڑے، بچوں اَور معاشرے کی بھلائی کو یقینی بنا سکتا ہےَ۔ خُدا نے طلاق کے منصوبے کو نہیں بنایا۔ یہ اپنی مرضی یا خودغرضی کی وجہ سے ایک جعلی علاج ہےَ۔

## مقدس پنطیان اور مقدس ہپولیتوس

حزقیال 8 1:1-10,13,30-32 مزمور 50

مقدس متی 19:13-15

### توبہ کرو اور زندہ رہو۔ حزقیال 18:32

طلاق پر بیان کے بعد فوراً ہمیں آج کی انجیل مقدس میں بچے ملتے ہیں۔ یہ کیسی بات ہے کہ طلاق یافتہ والدین بچوں کو خاطر میں نہیں لاتے؟ وہ اپنے بچوں کے لئے اپنی محبت کا کیوں دعویٰ کرتے ہیں۔ جبکہ وہ محبت کی بجائے اُنہیں ظالمانہ طور پر اذیت پہنچاتے ہیں؟ ہمیشہ سے نبی کی دعوت ہمیشہ درُست ہے۔ کہ توبہ کرو اِور یسوؑع کی صلیب اٹھاؤ تو تم زندگی پاؤ گے۔ ایک حقیقی زندگی جو آپ کے بچے پائیں گے۔

## مقدس میکسی میلن کولبے

ارمیا 10-8,6-4:38 مزمور 39

عبرانیوں 4-1:12 مقدس لوقا 53-49:12

### مَیں زمین پر آگ بھڑکانے آیا ہُوں۔ مقدس لوقا 49:12

یسوؔع کو جو مشن باپ نے سونپا وہ ہمارے سپرد کرتا ہے وہ دُنیا کو نجات دینے کے لئے آیا کہ لوگوں کی زندگیاں تبدیل ہو جائیں اور۔۔۔۔اِسی طرح ہے۔ جو اُس کے بارے میں علم رکھتے ہیں وہ اپنی صلیب اُٹھا کر ہر روز اُس کے پیچھے چلنے کا عہد کرتے ہیں اَور اُس کی محبت میں سرگرم ہو کر اُس کی پیروی کرتے ہیں۔

## مقدسہ مریم کا آسمان پر اٹھایا جانا

مکاشفہ 10,6-1:12,19:11 مزمور 44

1- قرنتیوں 27-20:15 مقدس لوقا 56-39:1

**میری روح میرے نجات دینے والے خُدا سے خُوش ہوئی۔ مقدس لوقا 47:1**

آج آسمان پر ایک بڑی عید ہے۔ ملکہ آتی ہے۔ وہ ماں جسے تمام مقدسین پیار کرتے ہیں۔ زمین پر بھی ایک بڑی عید منائی جا رہی ہے۔ کیونکہ زمین پر وہ فرزند ہیں۔ جو اپنی ماں کی خوشی اَور شان میں خوشی مناتے ہیں۔ وہ خود ہمیں اپنی عظیم خوشی میں شریک ہونے کے لئے بلاتی ہے۔ اُس کی خوشی کا سبب محبت کا خُدا ہے۔ جس نے اُس سے کہا کہ وہ اپنی پوری زندگی اُس کے منصوبے کی تکمیل کے لئے وقف کرے گی۔

## ہنگری کا مقدس اسٹیفن

حزقیال 10-1:28 مزمور-تثنیہ شرع 36-35,30,28-26:32

## مقدس متی 30-23:19

## خُدا کے نزدیک سب کچھ ممکن ہے۔ مقدس متی 26:19

یسوعؔ اپنے پریشان شاگردوں کو جواب دیتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ وہ حقیقی مشکل میں ہیں۔ اُن میں دولتمند بننے کی خواہش ہمیشہ پائی جاتی ہے۔ ایک ایسی خواہش جو آسمان کی بادشاہی میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتی۔ صرف خُدا ہی ہمارے دل سے اِس خواہش کو مٹا سکتا ہے۔ کیا ہم اِس کے لئے فضل مانگتے ہیں۔

حزقیال 34:1-11 | مزمور 22

## مقدس متی 20:1-16

## تم بھی میرے تاکستان میں جاؤ۔ مقدس متی 20:7

بادشاہی کی ایک دوسری علامت ہے۔۔ اِس بادشاہی کا بادشاہ یسوعؑ ہے۔ یہ ایک ایسی بادشاہی ہے۔ جسے کسی وقت بھی کارکنوں کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ ہر ایک کے لئے کام کرنے کو ہے۔ یہاں تک کہ اُن کے لئے بھی کام ہے جو آخری وقت پر پہنچتے ہیں۔ مالک لوگوں کو دعوت دیتے ہوئے کبھی نہیں تھکتا۔ آئیں ہم اپنی اُجرت کے لئے فکر نہ کریں۔ یہ پہلے ہی سے بخشش ہے۔ ہم اس کے لئے کام کرسکتے ہیں۔

حزقیال 36:23-28 مزمور 50

## مقدس متی 22:1-14

## شادی تیار ہوگئی ہے۔ مقدس متی 22:8

آسمان کی بادشاہی کو جاننے کے لئے ایک اور تمثیل ہے۔ ہم سب بیٹے کی شادی کی ضیافت میں بلائے گئے مہمان ہیں۔ حتیٰ کہ وہ بھی جو پہلے بلائے نہیں گئے تھے۔ ہر ایک کو ایک مناسب لباس دیا جاتا ہے۔ لیکن کوئی اسے لینے سے انکار کرسکتا ہے۔ مگر یہ حماقت ہوگی۔ عاجز ہونا اور تحفے کو قبول کرنا بہتر ہے۔

## مقدس جان یودیس

حزقیال 37:1-14 مزمور 106

مقدس متی 22:34-40

### تم جان لو گے کہ میَں ہی خُداوند ہُوں۔حزقیال 37:13

حزقیال کی رویا ہمیں ہڈیوں کے ڈھیر کے عجائبات کو دیکھنے کا موقعہ فراہم کرتی ہےَ۔ جن پر نئی روح داخل ہونے سے اُن پر پٹھے چڑھ گئے۔ گوشت پھر پیدا ہوگیا اور وہ زندہ ہوگئیں۔ آج انسانیت بھی ایسے ہی ہےَ۔ جو خُداوند یسوعؔ مسیح کے ذریعے پھونکے گئے، روح القدس کے آنے سے محبت کرنے اَور پیروی کر کے حقیقی زندگی کا آغاز کرتی ہےَ۔ ایک ایسی انسانیت جو پہلے اپنے خُدا کو اپنے پورے دل سے پیار کرتی ہے اَور پھر ہر جگہ پوتر محبت پھیلاتی ہےَ۔

## مقدس برناڈ

حزقیال 7-1:43 | مزمور84

## مقدس متی 12-1:23

## خُداوند کی تجلی نے گھر کو پُر کردیا۔حزقیال 5:43

یسوؔع جو خُدا کی سچی ہیکل ہے۔وہاں ہم اُس کے جلال کی جھلک دیکھ سکتے ہیں۔فروتن اَور چھوٹے لوگ اِس کو پہچان سکتے ہیں۔اِس لئے کہ یسوؔع آسمان میں باپ کی حد سے بعید رحم، حکمت، امن اَور محبت ہےَ۔ میں اُسے اُسی طرح دیکھوں گا جیسے انجیلِ مقدس اُسے پیش کرتی ہےَ۔ایک خادم جو سب کی نجات کے لئے کارفرما ہےَ۔

مقدس پائس دہم

اشعیا 21-18:66 مزمور 116

عبرانیوں 13-11,7-5:12 مقدس لوقا 30-22:13

## جانفشانی کرو کہ تم تنگ دروازے سے داخل ہو۔ مقدس لوقا 24:13

یسوؔع جانتا ہے کہ اُس کی راہ کوہِ کلوری پر چڑھتی ہے۔ اُس کے شاگرد اِس سے بہتر راہ نہیں پاسکیں گے اُنہیں فوراً اپنے اندر اپنے خواہشات اَور عزائم کے خلاف لڑائی شروع کرنا ہوگی۔ تاکہ وہ دوسروں کے ہاتھ میں ہاتھ دیئے بغیر کسی سامان کے دروازے سے داخل ہونے میں کامیاب ہوجائیں۔ اَے خُداوند یسوؔع، تو مجھے میری انا سے بچا۔

## مقدسہ مریم ملکہ دو عالم کی یادگار

2 تسالونیکیوں 1:1-5، 11-12 مزمور 95

## مقدس متی 23:13-22

### اے نادانو اَور اندھو۔ مقدس متی 23:17

ناراض نہ ہوں۔ یسوع کے بارے میں بُرا مت سوچیں۔ جب وہ فقیہوں اَور فریسیوں کو مخاطب کرتا ہے جو مذہبی رہنما اَور عالم شرع تھے۔ وہ اُن کے لئے سخت الفاظ استعمال کرتا ہے۔ اِس لئے کہ وہ غلط ہیں۔ اَور دوسروں کو دھوکا دیتے ہیں۔ اِس لئے کہ جو کچھ وہ دوسروں کو سکھاتے ہیں۔ خود اِس پر عمل نہیں کرتے۔ یسوعؔ اُن سے پیار کرتا ہے۔ اِس لئے وہ اُن کو ملامت کرتا ہے۔

# لیما کی مقدسہ روز

2۔تسالونیکیوں 2:1-3,13-17 مزمور 95

## مقدس متی 23:23-26

**کیونکہ خُدا نے اِبتدا ہی سے تمہیں اِس لئے چُن لیا تھا۔**

**2۔تسالونیکیوں 2:13**

میں ایک آدمی کو سن رہا تھا۔ جو ایک ملحد تھا۔ وہ مجھے زندگی کا مفہوم تلاش کرنے کے بارے میں بتا رہا تھا۔ اُس کی ترجیحات میں ایک مرد اَور ایک عورت کے بندھن سے پیدا ہونے والے بچوں، کام کی قدر اَور شکر گزاری کرتے ہوئے زندگی گزارنے سے خاندان تشکیل پاتا ہے۔ میں نے اُس کی کلیسیا کے لئے یسوعؔ کا شکر ادا کیا۔ جو کلام کا بیج بونے سے غیر متوقع طور پر اُن تک بھی پہنچ سکتی ہے جو اُس پر ایمان نہیں لاتے۔

# مقدس بُرتلمائی کی عیدرسول

مکاشفہ 21:9-14 مزمور 144

## مقدس یوحنا 1:45-51

## ربی تو خُدا کا بیٹا۔ تُو اسرائیلؔ کا بادشاہ ہے۔ مقدس یوحنا 1:49

نتن ایلؔ برتولمیو کا بیٹا یعنی بُرتلمائی یہ الفاظ بولتا ہے۔ وہ بارہ رسولوں میں سے ایک تھا۔ اَور آج ہم کلیسیا میں اُس کی موجودگی کے لئے شکرادا کرتے ہیں۔ فیلبوسؔ کی دعوت کے بعد وہ فوراً ہی یسوعؔ کو خُدا کے بھیجے ہوئے بادشاہ کے طور پر تسلیم کر لیتا ہے۔ اَور یسوعؔ خود بھی حیران رہ گئے۔ خُدا باپ نے اُسے اُس کی نوشتوں سے محبت کا اجر دیا۔ درحقیقت یسوعؔ نے اُس سے کہا ''مَیں نے تجھ کو انجیر کے درخت کے نیچے دیکھا''۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اُس نے اُسے اُس وقت دیکھا جب نتن ایلؔ خُدا کے کلام کے بارے میں گہرا ادراک حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

## مقدس لوئیس کالاسانز کا مقدس یوسف

1۔قرنتیوں 1:1-9 | مزمور 144

### مقدس متی 24:42-51

### وہی تم کو آخر تک قائم بھی رکھے گا۔ 1۔قرنتیوں 1:8

مقدس پولوسؔ رسول قرنتیوں کے نام خط لکھتے ہوئے۔ اپنے خط کا آغاز اُن کی تعریف کرنے سے کرتا ہے۔ جنہوں نے یسوعؔ کو جاننے اَور قبول کرنے کے بعد اُس راہ پر چلنا شروع کر دیا جو اُنہیں خُدا کی نعمتوں سے مال مالا کرتی ہے۔ اِس راہ پر بہت سی آزمائشیں ہیں۔ اِس لئے مقدس پولوسؔ رسول اُن کے لئے دُعا کرتا ہے کہ وہ ثابت قدم رہیں۔ یہ ایک ایسی نعمت ہے جو باپ سے مانگنے کی ضرورت ہے۔

1۔ قرنتیوں 1:17-25

مزمور 32

## مقدس متی 25:1-13

### میں تم سے سچ کہتا ہُوں کہ مَیں تم کو نہیں جانتا۔ مقدس متی 25:12

ہم پہلے ہی یہ الفاظ سُن چکے ہیں۔ جو اُن لوگوں سے کہے گئے ہیں۔ جو اپنے عجائبات دکھانے پر فخر کرتے ہیں۔ وہ اِس بات سے ناواقف ہیں۔ کہ صرف خُدا ہی عجائبات دکھا سکتا ہےَ۔ ہم ہر وقت اُس کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔ آج دولہا اُن کنواریوں سے یوں بات کرتا ہےَ۔ جو اپنے ذہن میں اُس کا خیال رکھنے میں ناکام رہیں۔ جبکہ اُس کے انتظار کرنے کے لئے جو وقت دستیاب تھا۔ وہ کم ہوتا جا رہا ہےَ۔

## مقدسہ مونیکا

1۔قرنتیوں 1:26-31

مزمور 32

## مقدس متی 25 :14-30

## نکمے غلام کو باہر کے اندھیرے میں ڈال دو۔مقدس متی 30:25

نکما غلام وہ ہےَ۔جس نے قنطار کو زمین میں چھپایا جو مالک نے اُسے دیا تھا۔اُس نے اپنے مالک کے لئے کچھ نہ کیا۔اس کا مطلب ہےَ کہ اُس کی زندگی اپنی ذات کی محور رہی۔انجیل ، خُدا کی بادشاہی اَور کلیسیا میں زندگی کو نظر انداز کرنا اَور اِس کی بجائے نام نہاد مفادات پر توجہ مرکوز کرنا مسلسل آزمائش رہی ہےَ ۔

# مقدس اگسٹین

یِسوع بن سیراخ 3:17-20,27-28 (19-21,30-31) مزمور 67

عبرانیوں 12:18-19,22-24 مقدس لوقا 14:1,7-14

## جب تو بلایا جائے تو سب سے نیچی جگہ پر بیٹھ۔مقدس لوقا 14:10

آسمان کی بادشاہی میں زندگی کیسی ہے؟خُداوند یسوعؔ مسیح اِس کے بارے میں ہمیں معلومات دینے میں کوئی موقعہ جانے نہیں دیتے۔نئی زندگی گھمنڈ کے بغیر عاجز زندگی ہوگی۔خدمت کے ذریعے اِس کی نشاندہی ہوگی۔یہ زندگی بالکل ابنِ انسان کی زندگی کی طرح ہوگی۔جو اپنے آپ کو دینے کے لئے آیا۔

## مقدس یوحنا اصطباغی کا یومِ شہادت

ارمیا 19-17:1 مزمور70

## مقدس مرقس 29-17:6

### ہیرودیس یوحنا کو راستباز آدمی جانتا تھا۔مقدس مرقس 20:6

آج ہم یوحنا اصطباغی کی شہادت کو یاد کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہیرودیس بھی اُسے ایک راستباز آدمی کے طور پر جانتا تھا۔ حالانکہ وہ خود بادشاہ ہوتے ہوئے اپنے گناہ کا قیدی اَور بندھا ہوا تھا۔ جب وہ ہیرودیاس کو اپنے گھر لے آیا۔تو وہ سمجھا کہ اُس نے ایک خزانہ فتح کرلیا ہے۔ جبکہ ہیرودیاس نے اپنی شرارت سے اُس پر غلبہ پالیا تھا۔

1۔قرنتیوں 16-10:2

مزمور 144

مقدس لوقا 37-31:4

**آس پاس کے علاقے کی ہر جگہ میں اُس کی شہرت پھیل گئی۔ مقدس لوقا 37:4**

عبادتخانے میں ایک شخص یسوعؔ کو ناراض کرتا ہے۔ تاہم اُس نے اُس ناپاک روح کو بے نقاب کیا۔ جس نے اُسے چلانے پر مجبور کردیا۔ عبادتخانے میں کوئی نہیں جانتا تھا کہ اُس کی موجودگی سے عبادت میں خلل پڑا ہے۔ اِس لئے سب متعجب ہوئے اَور اِس نئے واقعہ کی بابت بات کر رہے ہیں۔

2۔کرنتھیوں 3:1-9
مزمور 32

## مقدس لوقا 4:38-44

## وہ ایک ایک پر ہاتھ رکھ کر اُنہیں شفا دیتا تھا۔مقدس لوقا 4:40

خُداوند یسوعؔ مسیح نے ''طرح طرح کی بیماریوں کے مریضوں'' کو چھُوا۔وہ کس طرح کمزور لوگوں کے لئے دلچسپی ظاہر کرتا ہے ۔جو بیکار سے بھی بدتر ہیں۔جو نہ صرف تکلیفوں میں مبتلا ہیں۔بلکہ وہ دوسروں کے لئے بھی تکلیف کا باعث ہیں۔یسوعؔ ایک ایسا نام ہے جو ہمیشہ اُس کے مشن کی یاد دلاتا ہے ۔خُدا بچاتا ہے ۔اگر تکلیفوں میں مُبتلا لوگوں کو نہیں تو کس کو بچایا جائے؟